# قرارداد

25-08-2026

یہ ایوان پندرہ سویں میلاد النبی صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہ واَصحٰبِہٖ وَسَلّم کی تاریخی اہمیت کے پیش نظر یہ قرارداد پیش کرتا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں، اس موقع کو اعلیٰ سطح پر، قومی پروگرامز، میلاد النبی صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہ واَصحٰبِہٖ وَسَلّم کی محافل، میڈیا مہمات، فلاحی اقدامات، سرکاری اور نیم سرکاری، نجی عمارتوں اور شاہراہوں کو چراغاں اور سجاوٹ کے ذریعے منائیں۔ تمام سرکاری اور نجی ادارے بشمول، تعلیمی اور کاروباری ادارے، میڈیا ہاؤسز بھرپور شرکت کرتے ہوئے حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمَ النبیین صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہ واَصحٰبِہٖ وَسَلّم کی تعلیمات کے مطابق، امن، رواداری اور اخوت کو فروغ دیں۔ یہ ایوان حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمَ النبیین صَلی اللہُ عَلَیہِ وعَلیٰ آلِہ واَصحٰبِہٖ وَسَلّم کی سنت و سیرت کے فروغ کا عزم کرتا ہے اور پوری قوم سے اپیل کرتا ہے کہ اس بابرکت موقع کو نہایت عقیدت، احترام اور اتحاد کے ساتھ منائے۔

دستخطی

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری

وفاقی وزیر پارلیمانی امور

ممبر قومی اسمبلی